*This Question Paper contains 16 printed pages*
*(Part - A & Part - B)*

Sl.No. 0100271

**21(U)**

**(MARCH, 2019)**

| |
|---|
| **પ્રશ્ન પેપરનો સેટ નંબર જેની સામેનું વર્તુળ OMR શીટમાં ઘટ્ટ કરવાનું રહે છે.** |
| **Set No. of Question Paper, circle against which is to be darken in OMR sheet.** |
| **01** |

**Part - A : Time : 1 Hour / Marks : 50**
**Part - B : Time : 2 Hours / Marks : 50**

## (PART - A)

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 1 Hour*

**ہدایات :**

(1) مندرجہ ذیل 01 سے 50 تک تمام سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے لئے ایک مارک ہے۔

(3) OMR شیٹ پر سوال کے سامنے A, B, C اور D کے ساتھ دیئے گئے O میں سے صحیح جواب کے دائرے کو قلم سے مکمل گہرا ● کرنا ہوگا۔

(4) سوال نامہ میں دائیں جانب پرچہ کا سیٹ نمبر لکھا ہوا ہے۔ وہ نمبر OMR شیٹ پر مناسب جگہ درج کریں۔

1. منظر نے قلی کو کتنے روپے دیئے؟

(A) ایک روپے بارہ آنے
(B) پانچ روپے
(C) دس روپے کا نوٹ
(D) صرف چار روپے

2. گنگولی نے منظر کو کتنے روپے مہینے پر منیجر بنایا؟

(A) ایک ہزار
(B) پانچ ہزار
(C) پانچ سو
(D) ایک سو

3. آپؐ کی صنت کیا ہے؟

(A) ظلمت
(B) فیضان
(C) ضوفگن
(D) نوری

4. رحمت کا دروازہ کیسا تھا؟

(A) نیا
(B) پرُانا
(C) کھلا ہوا
(D) مقفّل

5. اسود کا مطلب کیا ہے؟

(A) ہرا
(B) کالا
(C) لال
(D) پیلا

6. ''استاد'' لفظ کا مترادف الفاظ بتائیے؟

(A) گرو (B) ہوشیار

(C) چالاک (D) چیلا

7. صحیح تلفظ پہچانیے۔

(A) فرستہ (B) فرشتہ

(C) فرصتہ (D) پھرشتہ

8. ''وقت'' لفظ کی جمع بتائیے۔

(A) مشکلات (B) اوقات

(C) جذبات (D) تعمیرات

9. سائنس سیٹی کا افتتاح کب ہوا تھا؟

(A) سنہ ۱۹۶۰ء (B) سنہ ۲۰۰۰ء

(C) سنہ ۱۹۴۷ء (D) سنہ ۱۹۹۶ء

10. سائنس سیٹی کا رقبہ تقریباً کتنے ہیکٹر ہے؟

(A) دو (B) پانچ

(C) دس (D) بیس

11. حضرت امام حسینؓ کی شہادت پر مرثیہ کس نے لکھا؟

(A) میر انیسؔ نے
(B) نادم بلخی نے
(C) بیزار لکھنوی نے
(D) مرزا غالبؔ نے

12. حسینؓ کے گلے پر کیا چیز آ کر لگی؟

(A) خدنگ
(B) بھجنک
(C) بھالا
(D) گولی

13. کفیل آزاد نے کیا لکھا ہے؟

(A) گیت
(B) مرثیہ
(C) کہانی
(D) ڈرامہ

14. ''رنگ زرد ہونا'' محاورے کے معنی پہچانیے؟

(A) رنگ پھیکا پڑنا
(B) رنگ سفید پڑنا
(C) رنگ کالا پڑنا
(D) رنگ لال ہونا

15. ''منہ کے بل گرنا'' محاورے کا معنی بتایئے۔

(A) اوندھے گرنا
(B) سیدھے گرنا
(C) لڑک جانا
(D) پھسلنا

16. صنعتِ تلمیح پہچانیے۔

(A) طیبہ کے راستے کا تو کانٹا بھی پھول ہے۔

(B) آنا پڑا پلٹ کے دوبارہ شباب کو۔

(C) یہ عقل کا فریب نگاہوں کی بھول ہے۔

(D) یوسف کا جذب حسین زلیخا کا جذب عشق۔

17. یہ بات کون کہتا ہے۔ ''نیند نہ ہوئی موئی آفت ہوگئی''؟

(A) قاضی جی
(B) شوکت تھانوی
(C) بیوی
(D) زبیدہ

18. ''اونہہ۔ اونہہ۔ بھئی لاحول ولاقوۃ'' یہ کون کہتا ہے؟

(A) بیوی
(B) نوکر
(C) زبیدہ
(D) قاضی جی

19. کن کوؤں کی گردن پر سفید حلقہ ہوتا ہے؟

(A) جنگلی
(B) دریائی
(C) خلائی
(D) میدانی

20. ہمارے نبیؐ کی شان میں لکھی ہوئی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) حمد
(D) نعت

21. دربانِ مصطفیٰ کا نام کیا ہے؟

(A) جبرئیل
(B) میکائیل
(C) اسرافیل
(D) عزرائیل

22. عید. راکھی. دیوالی. دسہرا کس کے تہوار ہیں؟

(A) محبت کے
(B) نفرت کے
(C) عداوت کے
(D) خصومت کے

■ ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے ۔(23-25)

ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعہ میں گئے ۔ بادشاہ نے پوچھا ''مرزا ! تم نے کتنے روزے رکھے''؟
''عرض کیا: ''پیرومرشید! ایک نہیں رکھا''؟

سوالات:

23. کونسا مہینہ گزر چکا؟

(A) شوال
(B) رمضان
(C) شعبان
(D) رجب

24. کس نے پوچھا'' کتنے روزے رکھے''؟

(A) مصنف نے
(B) شاعر نے
(C) غالب نے
(D) بادشاہ نے

25. اقتباس میں کہاں جانے کا ذکر ہے؟

(A) شہر میں
(B) باغ میں
(C) قلعہ میں
(D) گاؤں میں

26. کونسا تلفظ صحیح ہے؟

(A) اجیب
(B) ملاکات
(C) عادت
(D) متابکت

■ ذیل کے اشعار پڑھ کر جوابات لکھیے ۔(29-27)

اردو ہے جس کا نام ہماری زبان ہے۔
دنیا کی ہر زبان سے پیاری زبان ہے۔
فرقوں کی ربط وضبط کا ہے اس میں انتظام۔
قومی یگانگی کا ہے قائم اسی سے نام۔

سوالات:

27. ہر زبان سے پیاری زبان کونسی ہے؟

(A) اردو (B) گجراتی

(C) فارسی (D) ہندی

28. کس کے ربط وضبط کا اس میں انتظام ہے؟

(A) لوگوں (B) قوموں کا

(C) فرقوں کا (D) عوام

29. کونسی یگانگی کا نام اس سے قائم ہے؟

(A) قومی (B) ملکی

(C) عوامی (D) عملی

30. کس لفظ میں سابقہ کا استعمال نہیں ہوا ہے؟

(A) لاتعداد (B) بے درد

(C) کم ظرف (D) علم

31. کس لفظ میں لاحقہ کا استعمال ہوا ہے؟

(A) اسود واحمر
(B) علم وہنر
(C) علم وعمل
(D) خبردار

32. کنہیا لال کپور نے کون سا سبق لکھا ہے؟

(A) ہرفن مولا
(B) جدید ہرفن مولا
(C) گھر کا درزی
(D) صابن سازی

33. گھڑی بنانے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) گھڑی ساز
(B) دواساز
(C) کباڑی
(D) اناڑی

34. مولانا ظفر علی خان کی وفات کب ہوئی؟

(A) 1950
(B) 1845
(C) 1910
(D) 1956

35. اسرار الحق مجاز کہاں پیدا ہوئے؟

(A) رُدَوْلی
(B) کانپور
(C) بجنور
(D) گجرات

36. ''گیت''نظم میں کن دوندیوں کا ذکر ہے؟

(A) گنگا-سابرمتی
(B) نربدا-جمنا
(C) گنگا-جمنا
(D) جمنا-کاویری

37. ''چاندبی بی''ایک------ہے۔

(A) ڈرامہ
(B) افسانہ
(C) گیت
(D) مرثیہ

38. ''طیبہ کے راستے کا تو کانٹا بھی پھول ہے''میں کونسی صنعت ہے؟

(A) صنعتِ تشبیہ
(B) صنعتِ سوال وجواب
(C) صنعتِ تضاد
(D) صنعتِ تلمیح

39. مفرد جملہ پہچانیے۔

(A) میں اسکول جارہا ہوں۔
(B) سلیم اور میں اسکول جارہے ہیں۔
(C) کامران میرا اچھا دوست ہے۔
(D) ہم تینوں ایک ہی کلاس میں پڑھتے ہیں۔ایک ساتھ اسکول جاتے ہیں۔اور ایک اچھے پڑوسی بھی ہیں۔

40. کہانی کون سنا رہا ہے؟

(A) ابّا جی
(B) اماّں جان
(C) دادا جی
(D) نانی جان

41. 'حضرت حسینؓ کی شہادت' ایک ------ ہے۔

(A) قصیدہ
(B) نعت
(C) مرثیہ
(D) حمد

42. پنجرے پر کون آ کر بیٹھتا ہے؟

(A) کبوتر
(B) جنگلی طوطے
(C) کوّے
(D) جنگلی کبوتر

43. 'راز' کا مترادف لفظ کونسا ہے؟

(A) شکل
(B) طویل
(C) بھید
(D) سورج

**44.** احمد نگر کی شہزادی کون ہیں؟

(A) رضیہ بی بی

(B) مبارک بی بی

(C) چاند بی بی

(D) سلطانہ بی بی

**45.** خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

(A) حضرت ابوبکرؓ

(B) حضرت سلمان فارسیؓ

(C) حضرت عمر

(D) حضرت جابر بن عبداللہ نے

**46.** صحابی کی بیوی نے کس کی روٹیاں پکائیں؟

(A) گیہوں

(B) باجرے

(C) مکئی

(D) جَو

**47.** نیا سویرا سبق کس نے لکھا؟

(A) رتن سنگھ نے

(B) کفیل آزر

(C) انیس

(D) کنہیا لال کپور

48. کس پر مٹی رکھ کر کمہار برتن بناتا ہے؟

(A) کھاٹ پر

(B) ہاتھ پر

(C) چاک پر

(D) کانچ پر

49. سائنس سیٹی گجرات کے کس شہر میں ہے؟

(A) سورت

(B) بڑودہ

(C) راج کوٹ

(D) احمد آباد

50. ہم کس کی طرح اخلاق کا نقد ہار چکے؟

(A) نل کی طرح

(B) بل کی طرح

(C) جل کی طرح

(D) پل کی طرح

S-829

# 21(U)

**(MARCH, 2019)**

**(PART-B)**

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 2 Hours*

**ہدایات:**

(1) یہ پرچہ کل چار حصّوں پر مشتمل ہے۔

(2) ہر سوال کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

## SECTION - A

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیئے۔ [3]

1. منظر کہاں جا رہا تھا؟
2. سائنس سیٹی کہاں واقع ہے؟
3. گروجی طالبِ علموں کو سفر پر کہاں لے گئے؟

یا

مسجدِ فتح کہاں واقع ہے؟

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو تین جملوں میں لکھیئے۔ (کوئی ایک) [2]

4. جابر بن عبداللہؓ کی بیوی کو کس بات کا ڈر تھا؟
5. ہرنی نے راجا بکرمادت کا راستہ روک کر کیا کہا؟
6. قاضی جی کی بیوی کس بات پر اصرار کر رہی تھی؟

■ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات ایک جملے میں لکھیئے۔

7. قدرت نے لڑکیوں کو کون سا زیور عطا کیا ہے؟ [1]
8. نوجوان کی چال میں کیا راز چھپا ہوا ہے؟ [1]

یا

غبارِ شرق سے کیا مراد ہے؟

9. ہم نل کی طرح کیا ہار چکے ہیں؟ [1]

یا

شاعر منزل پر کس طرح پہنچنا چاہتا ہے؟

■ مندرجہ ذیل میں سے ایک سوال کا جواب دو تین جملوں میں لکھیئے ۔ (کوئی ایک) [2]

10. شاعر رہبر کامل کو کیا ہدایت دیتا ہے؟

11. بچوں کی تعلیم اور پرورش کے متعلق شاعر کی کیا تلقین ہے؟

12. آپؐ کو خاتم المرسلین کیوں کہا گیا ہے؟

## SECTION - B

■ ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیئے ۔ [4]

مرزا غالبؔ ایک تنگ و تاریک کوٹھری میں رہتے تھے۔ ایک دن دوپہر کے وقت مولانا حالیؔ ان سے ملنے آئے۔ مرزا کسی دوست کے ساتھ شطرنج کھیل رہے تھے۔ مرزا صاحب نے اپنی بیوی کو محل سرا دیکھنے کے لئے بھیجا تھا۔ وہ آئیں تو مرزا نے پسند ناپسند کا حال پوچھا تو بیوی نے بتلایا کہ اس میں لوگ بلائیں بتاتے ہیں۔ مرزا نے کہا ''کیا دنیا میں تم سے بھی بڑھ کر کوئی بلا ہے؟''

سوالات:

13. مرزا کا مکان کیسا تھا؟

14. مولانا حالیؔ مرزا کے گھر پہنچے تب وہ کیا کر رہے تھے؟

15. مرزا کی بیوی کیا دیکھنے گئی تھی؟

16. مرزا نے بیوی کے جواب پر کیا کہا؟

■ ذیل میں دی گئی نظم پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیئے۔ [5]

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یا رب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا
ایک ایسا سکون جس پر تقریر بھی فدا ہو
مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری
دامن میں کوہ کے ایک چھوٹا سا جھونپڑا ہو۔

سوالات:

17. شاعر کس سے اکتا گیا ہے؟

18. شاعر کو انجمن کا لطف کیوں نہیں ہے؟

19. شاعر کس سے دور بھاگتا ہے؟

20. شاعر کو کیسے سکون کی تلاش ہے؟

21. اقبال کی آرزو کیا ہے؟

■ مندرجہ ذیل مصنفین میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی مختصر لکھیئے۔ (کوئی ایک) [3]

22. i۔ مرزا غالبؔ ii۔ کنہیا لال کپور iii۔ ڈپٹی نذیر احمد iv۔ شوکت تھانوی

## SECTION - C

23. زبانی یاد کی ہوئی نظم کے پانچ اشعار مسلسل لکھیئے۔ [5]

■ ذیل میں دیئے گئے اقتباس میں سے پانچ سوالات بنایئے۔ [5]

24. پنڈت جی کرسی پر بیٹھ کر کتاب کا باقاعدہ مطالعہ کرنے لگے۔ ہر پانچ سات منٹ کے بعد کرسی سے اُچھل کر کہتے وُہ مارا۔ اب اچار اور مربے خود ہی ڈالا کریں گے۔۔۔۔۔
ارے وہ کوٹ اور پتلون سینا تو کوئی مشکل نہیں۔۔۔۔۔
اچھا ٹوتھ پیسٹ میں صرف یہ تین چیزیں ہوتی ہیں۔
بھئی خوب۔۔۔۔موم بتی پانچ منٹ میں تیار کی جاسکتی ہے۔۔۔۔اچھا مچھر مار تیل کا نسخہ یہ ہے؟

■ مجموعہ الفاظ کے لئے جامع لفظ لکھیئے ۔ (کوئی چار) [4]

25. وہ جو مٹّی سے بنا ہو۔

26. وہ جو نور سے بنا ہو۔

27. وہ جو ظلمت کو دور کر دے۔

28. وہ جس پر نبوت ورسالت ختم ہے۔

29. وہ جس کی کوئی مثال نہیں۔

30. ریلوے اسٹیشن پر بوجھ اٹھانے والا

## SECTION - D

31. قوسین میں سے صحیح جواب پسند کر کے خالی جگہ پُر کرو۔ (کوئی چار) [4]

1. شاگرد کی بات سن کر۔۔۔۔۔ لال پیلی ہوگئی۔ (بوڑھا آدمی. بڑھیا. استاد)
2. وحی لے کر آنے والے فرشتے کو۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔ (جبرئیل، اسرافیل، عزرائیل)
3. کسان اٹھ کر کھڑے ہوئے۔۔۔۔۔ کو لے چلے۔ (سواریاں۔ مویشیوں۔ لاٹھیوں)
4. یہ کہکشاں تو آپؐ کے قدموں کی۔۔۔۔۔ ہے۔ (پھول. دھول. رونق)
5. تم ہو۔۔۔۔۔ یہ دولت نہ لٹانا ہرگز (دثنیت. اُمنیت. دمینت)
6. دیکھی نہیں کسی نے اگر۔۔۔۔۔ مصطفیٰ (شانِ. خوان. جان)

32. آپ کے اسکول میں منائے گئے ''یومِ آزادی'' کی تقریب کا احوال لکھیے۔ [5]

33. ۳۶۵، نور منزل محمد علی روڈ ممبئی سے سلمیٰ مدراس میں مقیم اپنی سہیلی رابعہ کو اس کی سالگرہ پر مبارک بادی دیتے ہوئے خط لکھتی ہے [5]

یا

مدراس مقامی اپنے دوست محمد فیصل کو احمد آباد آنے کی دعوت دیتے ہوئے خط لکھیے۔

یا

''میرا یادگار سفر'' مضمون لکھیے۔

✔ ✔ ✔ ✔